فلاڈلفیا کے والدین اور سرپرست پر اثرات کے سروے سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات

سروے کیوں مکمل کریں؟

یہ سروے فلاڈلفیا پبلک اینڈ چارٹر اسکولز میں زیر تعلیم طلبا کے والدین اور سرپرستوں کو اپنے خیالات اسکولوں کو بتانے، فلاڈلفیا میں معیار تعلیم کے بارے میں تاثرات پیش کرنے، اور اسکولوں میں جو کچھ ہو رہا ہے اس پر اثر ڈالنے کا ایک راستہ فراہم کرتا ہے۔ یہ معلومات فلاڈلفیا میں اسکولوں کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے اہم ہے۔

سروے کس طرح تیار کیا گیا تھا؟

- سروے ٹیم نے اس سروے کی تیاری میں متعدد استفادہ کنندگان، بشمول والدین اور سرپرستوں، معاشرے کے ممبروں، طلبا، پرنسپلز، اساتذہ، کونسلرز، منتظمین، محققین، اور مرکزی دفتر کے عملہ کے ممبروں کے ساتھ کام کیا۔

- فوکس گروپس اور آئٹم کی جانچ کے ذریعہ، والدین اور سرپرستوں نے سروے میں شامل کیے جانے والے سوالات، مستعمل زبان اور تقسیم کے طریقے کے تعین میں مدد کرنے کے سلسلے میں خصوصی طور پر ایک انتہائی اہم کردار ادا کیا۔

- سروے ٹیم نے سروے اور اس کی تقسیم کی بابت تاثرات حاصل کرنے کی کوشش کے تحت، اسکول کے عملہ اور منتظمین کی شرکت کے لیے متعدد اوپن سیشنز بھی فراہم کرائے۔

- سروے کے جامع نوعیت کے داخلی اور خارجی ماہرانہ تجزیے بھی انجام دیئے گئے تھے۔

سروے سے متعلق تاثرات کا استعمال کس طرح کیا جائے گا؟

سروے سے اکٹھا کیے گئے تاثرات کئی طریقوں سے استعمال کیے جائیں گے، بشمول:

- انفرادی اسکولی رپورٹیں تیار کرنے کے لیے۔ ان رپورٹوں سے قائدین کو پتہ چلے گا کہ والدین اور سرپرست کیا سوچتے ہیں۔ ان معلومات سے اسکولوں کو آگے بڑھنے کے لیے مزید باخبر فیصلے لینے میں سہولت ملے گی۔
- فلاڈلفیا کے اسکولوں کی ضرورتوں اور خوبیوں کی بہتر سمجھ بوجھ حاصل کرنے میں منتظمین کی مدد کے لیے۔
- یہ یقینی بنانے کے لیے کہ والدین اور سرپرستوں کی آراء کو اسکول کے تشخیصی عمل میں شامل کیا جائے۔
- آئندہ تحقیقی کوششوں کی رہنمائی کے لیے۔ محققین موصولہ تاثرات کو ایسے مسائل کی نشاندہی کے لیے استعمال کریں گے جن پر "گہری نگاہ" ڈالنے کی ضرورت ہے۔
- رواں پروگرام کی تشخیص کا تعاون کرنے کے لیے۔

میں یہ سروے کہاں پر مکمل کرسکتا ہوں؟

والدین اور سرپرست حضرات کمپیوٹر یا اسمارٹ فون پر یہ سروے مکمل کرسکتے ہیں۔ جن والدین یا سرپرستوں کی رسائی ان میں سے کسی بھی آلات تک نہیں ہے وہ درج ذیل مقامات پر یہ سروے مکمل کرسکتے ہیں:

- اسکول ڈسٹرکٹ آف فلاڈلفیا کے وسائل مراکز برائے والدین و خاندان (Parent and Family Resource Centers) میں
- فلا ڈلفیا کی مفت لائبریری میں
- فلاڈلفیا کے اہم مرکزی مقامات پر
- شرکت کنندہ معاشرتی تنظیموں میں
- اپنے بچے کے اسکول میں

فلاڈلفیا کے والدین اور سرپرست پر اثرات کے سروے کے بارے میں مختصر حقائق

- فلاڈلفیا کے والدین اور سرپرست پر اثرات کا سروے اسکول ڈسٹرکٹ آف فلاڈلفیا کے ہوم پیج پر ایک لنک کی معرفت اور http://philasd.org/survey/index.php?lang=ur کی معرفت 5 مئی 2014 کو صبح 9:00 بجے سے لے کر 6 جون 2014 کو شام 5:00 بجے تک دستیاب ہوگا۔ والدین اور سرپرست حضرات اسے مکمل کرنے کے وقفے کے دوران کسی بھی وقت یہ سروے مکمل کرسکتے ہیں۔ کوئی بھی شخص اسے مکمل کرنے کے وقفے سے پہلے یا اس کے بعد سروے تک رسائی حاصل نہیں کرسکے گا۔

- والدین اور سرپرست حضرات کو سروے مکمل کرنے کے لیے اپنے بچے کا اسکول ڈسٹرکٹ آف فلاڈلفیا والا طالب علم کی ID کی ضرورت ہوگی۔ کوئی بھی والدین یا سرپرست یہ ID درج کیے بغیر سروے مکمل نہیں کرسکیں گے۔ والدین اور سرپرست حضرات کو سروے والے صفحے پر یہ اطلاع دی گئی ہے کہ وہ اپنے بچے کے رپورٹ کارڈ پر یہ نمبر تلاش کرسکتے ہیں۔ جن والدین کو یہ نمبر نہیں مل پاتا ہے انہیں اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

- سروے 17 زبانوں میں دستیاب ہوگا۔

- سروے مکمل کرنے میں لگ بھگ 5 تا 10 منٹ کا وقت لگنا چاہیے۔

- والدین اور سرپرستوں کو اپنے ہر بچے کے لیے ایک سروے مکمل کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

- سروے رازدارانہ ہے۔ سروے سے متعلق والدین اور سرپرستوں کے جوابات کو دوسرے والدین اور سرپرستوں کے جوابات کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔

- سروے رضاکارانہ ہے۔

- خواندگی کی ضروریات کے حامل والدین اور سرپرستوں کو سروے مکمل کرتے وقت مدد فراہم کی جاسکتی ہے۔

- اگر والدین یا سرپرستوں کو سوالات درپیش ہیں تو انہیں پیر سے لے کر جمعہ تک 215-400-6565 پر سروے ہاٹ لائن کو کال کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ سروے ہاٹ لائن 5 مئی سے لے کر 6 جون تک دستیاب رہے گی۔ والدین اور سرپرست حضرات parentsurveyinfo@philasd.org پر سروے ٹیم سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔